BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION, TADEPALLI, A.P,

MODEL QUESTION PAPER-I

Urdu Paper-II

Time:3 Hrs.} {Max.Marks:100

نوٹ تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں-ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں-

1 :- خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھتے ہوئے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے- 2x3=6

(1) مرنے کی تمنائی خیرات میں کیا دیتا
درویش بہر صورت جینے کی دعا دیتا

(2) ان سادہ مزاجوں کی ہر بات نرالی ہے
نیکی جو کوئی کرتا، دریا میں بہا دیتا

(3) اک اندھیرا ہے روشنی کے خلاف
آدمی اب ہے آدمی کے خلاف

(4) اُتارتے ہو یہ رخصتِ سفر کہاں راہی !
ابھی وہ گھر نہ ملا اس کی وہ گلی نہ ملی

II :- ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے: 1x6=6

(1) نظم "نیا مکان" کا خلاصہ لکھئے-

(2) نظم "کرائے کا مکان" کا خلاصہ لکھئے-

III :- ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے: 1x6=6

(1) افسانہ "ڈالن والا" کا خلاصہ لکھئے-

(2) افسانہ " پیتل کا گھنٹہ " کا خلاصہ لکھئے-

IV :- ذیل میں سے کوئی ایک سوال کا جواب لکھئے: 1x8=8

(1) مضمون " کرکٹ " کا خلاصہ لکھئے-

(2) مضمون " اردو کی نئی بستیاں " کا خلاصہ لکھئے۔

V :- ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات دیجئے: 2x3=6

(1) راہی فدائی سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

(2) کرشن کمار طورؔ " کی شاعرانہ خوبیوں پر مختصراً نوٹ لکھئے۔

(3) کریم رومانی کی تنہائی کی کیفیت مختصراً واضح کیجئے۔

(4) راجہ مہدی علی خاں پر ایک تفصیلی نوٹ لکھئے۔

VI :- متن کے حوالے سے کوئی دو اقتباسات کی تشریح کیجئے: 2x3=6

(1) " فقیر اباہر آکر باجی کو آواز دیتا ہے۔"بیٹا-سائمن صاحب آگئے "۔بوڑھا باہر ہی سے باغ کی سڑک کا چکر کاٹ کر پہلو کے برآمدے میں پہنچتا"

(2) تم بیٹے! اطمینان سے نہاؤ-ادھر کوئی نہیں آئے گا-پردے تو میں ڈال دوں لیکن اندھیرا ہوتے ہی چمگادڑ گھس آئے گی اور تم دق کرے گی"۔

(3) بس ! اتنے میں ہی گاڑی مجھے وہیں چھوڑ کر چل دی۔۔۔!"

(4) "ادب نے بہت سے انسانی رشتوں کو قائم رکھا-اور یہ زبان کے بہترین استعمال کا اچھا آلہ ہے"۔

VII :- ذیل میں سے کسی دو سوال کے جواب لکھئے: 2x3=6

(1) شاعر نے اپنے نئے مکان کو کس طرح سجایا؟ لکھئے۔

(2) نظم "نیا مکان" میں شاعر اپنی یادوں سے کس طرح متاثر ہوا؟ مختصراً نوٹ لکھئے۔

(3) شاعر نے مالک مکان کے بارے میں کیا شکایت کی ہے؟ مختصر لکھئے۔

(4) شاعر نے کرایہ دار کی کون کون سی عادتوں پر طنز کیا ہے؟

VIII :- ذیل میں سے کسی دو سوال کے جواب لکھئے: 2x3=6

(1) مصنف کو دادی امی کونسی کہانی سنایا کرتی تھی، مختصراً لکھئے۔

(2) مسٹر سائمن صاحب کے کردار پر مختصراً نوٹ لکھئے۔

(3) گاڑی اسٹیشن سے چھوٹ جانے کے بعد مسافر کا کیا حال ہوا؟ مختصراً لکھئے۔

(4) مصنف اطہر پرویز کے نزدیک ادب انسان کی زندگی میں کیا کردار ادا کرتا ہے۔

IX :- حسبِ ذیل سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھئے: 5x1=5

(1) مظفر حنفی کو کون کونسے ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(2) کرشن کمار طور کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

(3) راہی فدائی کے والد کا نام کیا تھا؟

(4) ڈاکٹر کریم رومانی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

(5) راجہ مہدی علی خاں کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

X :- حسبِ ذیل سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھئے: 5x1=5

(1) افسانہ " ڈالن والا " کے دو کرداروں کے نام لکھئے؟

(2) قاضی عبدالستار کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(3) قرۃ العین حیدر کے کوئی دو ناولوں کے نام لکھئے؟

(4) جوگندر پال کے والد کا نام کیا تھا؟

(5) عبدالکلام کا پورا نام کیا ہے؟

XI :- صحیح جوڑ ملائیں: 5x1=5

(1) شیخ نیازی (تلخیص)	(A)	مشتاق احمد یوسفی	( )
(2) بچے	(B)	مجتبیٰ حسین	( )
(3) چوپٹ راجا کی پریس کانفرنس	(C)	پطرس بخاری	( )
(4) کرکٹ (تلخیص)	(D)	رشید احمد صدیقی	( )
(5) اردو کی نئی بستیاں	(E)	فکر تونسوی	( )

XII :- ذیل میں سے کسی پانچ کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں بھی دیجئے: 5x2=10

(1) حرفِ ربط (2) حرفِ عطف (3) حرفِ فجائیہ (4) حرفِ تخصیص (5) قوسین

(6) وقفہ (7) سکتہ (8) سوالیہ (9) ختمہ (10) رابطہ

XIII :- ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کو سابقہ یا لاحقے لگا کر لکھئے: 5x1=5

(1)جادو (2)فن (3)دولت (4)وطن (5)خوشی

(6)خوف (7)دکان (8)کرایہ (9)صحت (10)جواب

XIV :- ذیل کے جملوں میں مبتدا یا خبر کی شناخت کیجئے- 5x1=5

(A)

(1) بجلی گرج رہی ہے-

(2) آسمان چمک رہا ہے-

(3) زمین لرز رہی ہے-

(4) جنت خوبصورت ہے-

(5) گاڑی چل رہی ہے-

(B) :- ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے: 5x1=5

(1) نفع و نقصان (2)ہار و جیت (3)ظاہر و باطن (4)شان و شوکت (5)اتحاد و اتفاق

(6) حسن و جمال (7)زمین و آسمان (8)رنج و غم (9)اوّل و آخر (10)عزت و آبرو

XV :- ذیل کے جملوں کو رموز و اوقاف لگا کر درست کیجئے: 5x1=5

(1) آج اتوار ہے

(2) زبان خیالات کے اظہار کا بہترین ذریعہ ہے

(3) انڈیا گیٹ India Gate جو کہ نئی دہلی میں ہے

(4) افسوس میں آپ سے مل نہ سکا

(5) آپ کون ہیں

XVI :- ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھئے: 1x5=5

(1) مرکب الفاظ کسے کہتے ہیں؟ کوئی دو مثالیں دیجئے-

(2) جملہ کی تعریف پیش کرتے ہوئے ایک بامعنی جملہ تحریر کیجئے-